کیا۔ ہر صفحے کے دو کالم بنا کر داہنی طرف عربی آیات (الگ الگ) اور بائیں جانب اردو ترجمہ کی عبارت متقابلاً" مرتب کیں۔

یہ نہایت دلچسپ ترجمہ ہے' جس سے بڑے اور بچے اور خواتین یکساں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آخری صفحے پر قرآن آسان تحریک کے اغراض و مقاصد درج کیے گئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ادارہ اہلِ خیر کے اشتراک و تعاون سے چل رہا ہے' اسی لیے قیمتیں بہت کم رکھی گئی ہیں۔ ادارے سے اشتراک کے لیے درخواست برائے رکنیت کا فارم بھی منسلک ہے جس میں مختلف اصحاب اپنی حیثیت کے مطابق ۵ ہزار روپے سالانہ (تا حیات رکنیت) دو صد روپے سالانہ (عام رکنیت) اور علاوہ ازیں جو جب جتنا حصہ لینا چاہے' فلاح آخرت کا ذریعہ ہے۔

زیر تبصرہ حصے کے بعد سورۂ مائدہ و سورۂ انعام آئیں گی۔

(ن - ص)

سچی کہانی : از جناب حکیم محمد سعید۔ معاونین مجلس ادارت جناب مسعود احمد برکاتی و رفیع الزمان زبیری۔ فی حصہ ۲۵ روپے۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس' ہمدرد سنٹر' ناظم آباد کراچی۔

محترم حکیم صاحب کی خصوصی توجہ کا ایک دائرہ نو نہالانِ پاکستان کا بھی ہے۔ موصوف تمام پاکستان کے شہروں میں فلاح و تعمیر کے نقشے پر اس تنظیم کو قائم کرکے اجتماعات بھی منعقد کر رہے ہیں' اور نونہالوں کے لیے تیزی سے دلچسپ و مفید ادب بھی پیدا کر رہے ہیں۔ اس ادب کا نام ہی "نونہال ادب" ہے۔ بچوں کے لیے پاکیزہ لٹریچر مہیا کرنے میں ہمدرد نے بہت اچھا مقام حاصل کرلیا ہے۔

متعدد کتب ہمدرد برائے تبصرہ سامنے ہیں مگر تقدیر ادائے فرض (کماحقہٗ) کا موقع ہی نہیں دیتی۔ اس کتاب کا اصل نام "سچی کہانی میری ڈائری کی زبانی" ہے۔ ہر ماہ کی ڈائری الگ الگ چھپ رہی ہے۔ تین ماہ کے تین حصے موصول ہیں۔ واللہ ! جادو اثر کہانی ہے۔ اپنی ڈائری لکھنا بڑا نازک کام ہے۔ ایک طرف یہ خطرہ کہ اپنی ذات کو اپنے قلم سے شاندار بنا کر نہ دکھایا جائے اور دوسری طرف یہ ڈر کہ کہیں انکسار اس حد تک نہ ہو کہ ہیچمدانی کے ساتھ ناکارگی پیدا کرنے کا باعث بنے۔ حکیم صاحب اس پلِ صراط سے کامیاب گزرے ہیں۔

دل تو یہ چاہتا ہے کہ حکیم صاحب کے روزمرہ پروگراموں اور معمولات کو' ان کے سفروں کے احوال کو' ان کے بیت الحکمتہ اور شعبہ مطبوعات کو' مریضوں کی چارہ گری کی دل پسند